نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی جانب سے تیلدار اجناس کی فروغ کے لئے جاری قومی منصوبہ کے تحت کینولہ پیداواری مقابلہ جات کے صوبائی وڈویژنل سطح پر کامیاب کاشتکاروں کی فہرست جاری

کینولہ کے پیداواری مقابلہ میں کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی کے لئے صوبائی سطح پر 5 لاکھ روپے جبکہ ڈویژنل سطح پر اول، دوئم اور سوئم پوزیشن حاصل کرنے والوں کو بالترتیب 3 لاکھ، 2 لاکھ اور ایک لاکھ روپے کے نقد انعام دیئے جائیں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:16 جون 2022(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق تیلدار اجناس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت کاشتکاروں کے درمیان صحتمندانہ مسابقت پیدا کرنے کیلئے مالی سال 22-2021 کو کینولہ کے صوبائی و ڈویژنل سطح پر پیداواری مقابلہ کا انعقاد کیا گیا جس کے لئے محکمہ زراعت نے خواہشمند کاشتکاروں سے درخواستیں طلب کی گئیں۔فصلات کی پیداوار حاصل ہونے پر محکمہ زراعت کی صوبائی وڈویژنل کمیٹیوں نے تمام کاشتکاروں کی فصلات کی پیداوار کا جائزہ لیا۔کینولہ کے پیداواری مقابلہ میں صوبائی کمیٹی کے چیئرمین سیکرٹری زراعت پنجاب جبکہ دیگر ممبران میں چیف سائنٹیفک آفیسر ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع)، ڈائریکٹر جنرل زراعت (فیلڈ)، ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی)، چیف سائنٹسٹ تیلدار اجناس ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد، ڈائریکٹر کراپ رپورٹنگ سروس، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب اور پراجیکٹ ڈائریکٹر تیلدار اجناس کے فروغ کا قومی منصوبہ شامل تھے جبکہ ڈویژنل سطح پر متعلقہ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) پیداواری مقابلہ کے چیئرمین مقرر ہوئے جنہوں نے مقامی زراعت کے ماہرین کے تجزیہ کی روشنی میں جیتنے والے کاشتکار کا نام فائنل کیا۔کینولہ کے پیداواری مقابلہ میں کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی کے لئے صوبائی سطح پر 5 لاکھ روپے جبکہ ڈویژنل سطح پر اول، دوئم اور سوئم پوزیشن حاصل کرنے والوں کو بالترتیب 3 لاکھ، 2 لاکھ اور ایک لاکھ روپے کے نقد انعام دیئے جائیں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ **صوبائی سطح پر خانیوال ضلع ملتان** کے اشفاق احمد ولد حاجی ولی محمد نے 38.26 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کرکے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ **لاہور ڈویژن** سے پتوکی ضلع قصور کے محمد آفتاب ولد عبدالرزاق نے 24 من فی ایکڑ کینولہ کی پیداوار حاصل کرکے پہلی پوزیشن حاصل کی۔اس کے علاوہ **سرگودھا ڈویژن** سے ضلع میانوالی کے محمد زبیر

خان ولد اکرم خان، محمد اسحاق ولد عمر الدین اور محمد عبدالوحید خان ولد عبدالحمید خان نے بالترتیب پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔ **ساہیوال ڈویژن** سے ضلع اوکاڑہ کے محمد سلیم ولد نظام دین، محمد سلیم بشیر ولد حاجی بشیر احمد اور ناصر محمود ولد برکت علی نے بالترتیب اول، دوئم اور سوئم پوزیشن حاصل کیں۔ **ملتان ڈویژن** سے ضلع لودھراں کے آصف محمود ولد عبدالرزاق نے پہلی جبکہ ضلع ملتان کے غلام شبیر ولد غلام نازک اور محمد رفیق ولد سفید خان نے بالترتیب دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔ **فیصل آباد ڈویژن** سے ضلع فیصل آباد کے افتخار علی ولد عبدالغفار اور محمد کاشف محمود ولد ولی محمد نے پہلی اور دوسری پوزیشن جبکہ ضلع جھنگ کے محمد امیر ولد عبدالرزاق نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ **ڈی جی خان ڈویژن** سے گڑھ مہاراجہ کے غلام عباس ولد ملک احمد دین، غلام عباس ولد رحیم بخش اور عبدالستار ولد غلام فرید نے بالترتیب اول، دوئم اور سوئم پوزیشن حاصل کی۔ ترجمان نے پیداواری مقابلہ میں جیتنے والے کاشتکاروں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایسے مقابلہ جات کاشتکار بھائیوں کے مابین صحتمندانہ مسابقت کا جذبہ پیدا کرتے ہیں اور اس سے دوسرے کاشتکاروں میں آگے بڑھنے کی تحریک پیدا ہوتی ہے جس سے پیداواری اہداف کا حصول ممکن ہوتا ہے۔

☆☆☆☆